# آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور

22 D/ siraj/notification

**نوٹیفکیشن:**

جملہ سربراہان ادارہ جات (انٹرمیڈیٹ کالجز/ہائیر سیکنڈری سکولز/ہائی سکولز) کو مطلع کیا جاتا ہے کہ تعلیمی سیشن 26-2024 کیلئے ثانوی جماعت نہم کی آن لائن رجسٹریشن کیلئے حسب ذیل شیڈول جاری کیا جاتا ہے۔

| | فیس | آن لائن رجسٹریشن کیلئے کوائف کا اندراج اور بینک میں فیس جمع کروانے کی تواریخ | آن لائن رجسٹریشن کی ہارڈ کاپی مع چالان بورڈ میں وصولی کی آخری تاریخ |
|---|---|---|---|
| پہلا مرحلہ | -/2500 روپے فی امیدوار | 15-04-2024 تا 15-05-2024 | 31-05-2024 |
| دوسرا مرحلہ | -/3800 روپے فی امیدوار | 16-05-2024 تا 15-07-2024 | 30-07-2024 |
| تیسرا مرحلہ | -/5100 روپے فی امیدوار | 16-07-2024 تا 16-08-2024 | 30-08-2024 |

## 1۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی تکمیل اور ضروری ہدایات۔

(i) ہر ادارہ رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کی ویب سائٹ www.ajkbise.edu.pk پر آن لائن بورڈ کی طرف سے مہیا کردہ اپنے ویب اکاؤنٹ کے ذریعے مرتب کرے گا۔ دوران فیڈنگ ریٹرن کسی بھی طرز کی مشکل پیش آنے کی صورت میں معلومات کیلئے دفتر بورڈ کے درج ذیل فون نمبرز پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ (05827-960070,960071)

(ii) بورڈ کی ویب سائٹ، آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی فیڈنگ کیلئے 15-04-2024 تا 16-08-2024 کھلی رہے گی۔ شیڈول سے ہٹ کر داخلہ کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

(iii) آن لائن رجسٹریشن سے متعلق کتابچہ جس میں تمام معلومات اور ہدایات درج ہیں، ویب سائٹ پر موجود ہے۔

(iv) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن مرتب کرنے سے پہلے ادارہ کے تمام طلباء/طالبات جو کہ رجسٹر کرنے مطلوب ہیں، کے درج ذیل کوائف ادارہ کے پاس ہونے ضروری ہیں۔

**(الف) امیدوار کی نیلے رنگ کے بیک گراؤنڈ والی پاسپورٹ سائز تصویر۔ (ب) "ب" فارم یا شناختی کارڈ (مصدقہ)**

(v) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ لے کر درج تمام کوائف اچھی طرح چیک کر لیں۔ بالا شیڈول کے بعد رجسٹریشن ریٹرن میں درج کوائف میں غلطی/تضاد/چھوٹ (Omission) کی درستی/تکمیل کیلئے -/1000 روپے فی غلطی، تضاد/چھوٹ فیس وصول کی جائے گی۔ موبائل سے لی گئی تصویر، ٹوپی، عینک، نقاب والی تصویر، غلط سکین شدہ تصویر اور تصویر بالکل نہ ہونے کی صورت میں تصویر کی درستی کیلئے -/1500 روپے فی تصویر فیس وصول کی جائے گی۔ تصویر کی درستی شیڈول وصولی رجسٹریشن ریٹرن سے تین ماہ کے اندر کی جائے گی۔

(vi) سربراہ ادارہ آن لائن رجسٹریشن کے پرنٹ کے ہر صفحہ پر اپنے دستخط اور مہر ثبت کریں۔

(vii) بورڈ کے ساتھ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارے تجدیدی حکومتی منظوری برائے الحاق کی مصدقہ نقل رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ ضرور ارسال کریں۔

(viii) رجسٹریشن فیس متذکرہ بالا شیڈول کے مطابق حبیب بینک میں جمع کروا کر آن لائن فیس چالان اور آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ ہمراہ **"فارم ب"** کی مصدقہ نقول بمطابق شیڈول دفتر بورڈ پہنچائی جائیں۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ یا فیس چالان یا دونوں تاخیر سے موصول ہونے پر پہلے ماہ مبلغ -/2000 روپے اور اس کے بعد مبلغ -/300 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

(ix) اگر کوئی رجسٹرڈ ادارہ کسی دوسرے غیر رجسٹرڈ ادارہ کے طلباء/طالبات کو اپنے طالب علم ظاہر کر کے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کرنے کے جرم کا مرتکب پایا گیا تو اس ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔ یا ادارہ کو مبلغ -/35000 روپے فی سیشن جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ اور غیر رجسٹرڈ ادارہ کے طلباء کی جمع شدہ رجسٹریشن فیس بھی بحق بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

(x) اگر کوئی ادارہ طلباء وطالبات کی ڈبل رجسٹریشن کروائے گا/کروانے کی کوشش کرے گا تو فی طالب علم مبلغ ایک ہزار سے پانچ ہزار روپے تک جرمانہ/متعلقہ امتحان منسوخ کرنے کے علاوہ ادارہ کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔

## 2۔ جماعت نہم میں داخلہ کی عمر کی حد۔

جماعت نہم میں داخلہ کیلئے طالبعلم/طالبہ کی عمر مورخہ 01-08-2024 کو کم از کم 12 سال ہونی چاہیے 01-08-2012 کے بعد پیدا ہونے والے طالبعلم/طالبہ کو ہرگز داخل نہ کیا جائے۔ IBBC کے فیصلہ کی روشنی میں بورڈ نے اپنے اجلاس منعقدہ 07 ستمبر 2023 میں جماعت نہم میں رجسٹریشن کے لیے امیدوار کی زیریں عمر کی حد 12 سال میں نرمی نہ دینے کا فیصلہ صادر فرمایا ہے۔

## 3۔ ریٹرن میں درستی کا طریقہ کار اور جرمانہ کی ادائیگی۔

(i) آن لائن ریٹرن مرتب کرتے وقت رجسٹریشن بیچ (Batch) بنانے کے بعد بیچ (Batch) میں کسی قسم کی تبدیلی/درستی/ڈیلیٹ بیچ مذکورہ شیڈول کے اندر ممکن ہوگی۔ اس کی جرمانہ فیس مبلغ -/2000 روپے فی بیچ (Batch) وصول کی جائے گی۔

(ii) آن لائن رجسٹریشن ریٹرن کا پرنٹ ہر صورت بورڈ کو ارسال کیا جائے۔ نیز ثانوی (نہم) رجسٹریشن کے حوالہ سے فیس/جرمانہ آن لائن پرنٹ شدہ چالان پر ہی حبیب بینک کی برانچز میں جمع کروائیں، چیک، بینک ڈرافٹ اور مینول چالان قبول نہیں ہوں گے۔ نیز سربراہ ادارہ اولین مرتب شدہ اور درست شدہ آن لائن ریٹرن کے ساتھ جمع شدہ فیس کا چالان اور اپنے ادارہ کے کورنگ (Covering) لیٹر کے ساتھ ارسال کریں۔

## 4۔ دوبارہ داخلہ (ری ایڈمیشن) کی شرائط۔

(i) آن لائن ری ایڈمیشن ریٹرن کا پرنٹ ہمراہ فیس -/1800 روپے اور تبدیلی گروپ کی صورت میں تبدیلی گروپ فیس مبلغ -/3000 روپے کل مبلغ -/4800 روپے بورڈ اکاؤنٹ میں جمع کروا کر اصل چالان ارسال کریں۔

(ii) اگر کوئی طالب علم جماعت نہم میں نامساعد حالات کی وجہ سے اپنا تعلیمی سلسلہ جاری نہ رکھ سکا ہو، اور نہ ہی اسے رول نمبر کا اجراء ہوا ہو، تو ایسی صورت میں امیدوار کو اگلے ہی تعلیمی سیشن کے شیڈول داخلہ کے تحت دوبارہ داخلہ دیا جا کر ری ایڈمیشن فیس مبلغ -/1800 روپے کے اصل کمپیوٹرائز بینک چالان/رسید کے ہمراہ الگ سے رجسٹریشن ریٹرن ارسال کی جائے۔

(iii) اگر ایک ریگولر امیدوار نہم جماعت کے امتحان میں غیر حاضر ہو یا ایک مضمون/مضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں تو وہ نتیجہ کی اشاعت کے 30 روز تک اپنے گروپ یا گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن فیس -/1800 روپے بورڈ اکاؤنٹ میں جمع کروا کر دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کا اہل ہے۔ اس کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔ سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں۔ تاہم پاس امیدواران ری ایڈمیشن حاصل کرنے کیلئے نتیجہ کی اشاعت کے 30 دن کے اندر اپنا نتیجہ منسوخ کروا کر -/1800 روپے ری ایڈمیشن فیس بورڈ کو ادا کر کے اپنے گروپ یا گروپ تبدیل کر کے دوبارہ داخلہ حاصل کر سکتے ہیں، ان کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔ سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں۔

امیدواران نتیجہ کی منسوخی کیلئے فیس -/2000 روپے ادا کریں گے اور اسٹامپ پیپر پر اس امر کا بیان حلفی تصدیق شدہ از مجسٹریٹ درجہ اوّل دیں گے کہ وہ کسی مرحلہ پر پوزیشن/انعام کے حقدار نہیں ہوں گے۔ ری ایڈمیشن حاصل کرنے والے اُمیدواران جماعت دہم میں پوزیشن حاصل کرنے کے اہل نہ ہونگے۔

(جاری برصفحہ نمبر 2)

(iv) اگر ایک پرائیویٹ امیدوار جماعت نہم کے امتحان میں فیل رغیر حاضر رایک مضمون رمضامین میں 33% سے کم نمبرات حاصل کیئے ہوں، وہ نتیجہ کی اشاعت کے 30 روز تک اپنے گروپ یا گروپ تبدیل کر کے ری ایڈمیشن فیس-/1800 روپے بورڈ اکونٹ میں جمع کروا کر کسی بھی ادارہ میں دوبارہ داخلہ حاصل کرنے کا اہل ہے اور سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں یا وہ پرائیویٹ امیدواران کے طور پر آئندہ جماعت نہم کے امتحان میں دوبارہ شامل ہو سکتے ہیں۔ ہر دو صورتوں میں ان کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔

(v) ایک پرائیویٹ امیدوار جو جماعت نہم کا امتحان پاس کر چکا ہے، وہ نتیجہ کی اشاعت کے 30 روز کے اندر-/2000 روپے فیس بورڈ کو ادا کر کے اپنا نتیجہ منسوخ کروائے گا۔ نتیجہ کی منسوخی کے بعد وہ کسی بھی ادارہ میں 15 دن کے اندر ری ایڈمیشن فیس-/1800 روپے بورڈ میں ادا کر کے ری ایڈمیشن حاصل کر سکتا ہے۔ سربراہ ادارہ دوبارہ داخلہ حاصل کرنے والے امیدواران کا مکمل ڈیٹا داخلہ کے پندرہ دن کے اندر بورڈ کو ارسال کریں یا آئندہ نہم جماعت کے امتحان میں وہ پرائیویٹ امیدواران کی حیثیت سے دوبارہ شامل امتحان ہو سکتے ہیں۔ ہر دو صورتوں میں ان کی سابقہ رجسٹریشن بحال رہے گی۔

(vi) امیدواران نتیجہ کی منسوخی کیلئے درخواست مع بینک چالان کی بورڈ کاپی (BOARD's COPY) اور اصل بیان حلفی کنٹرولر صاحب امتحانات سکولز کے نام اندر میعاد ارسال کریں اور سربراہ ادارہ بورڈ کی طرف سے جاری حکم منسوخی نتیجہ کی کاپی ہمراہ رجسٹریشن ریٹرن بورڈ کو ارسال کریں۔

(vii) امتحان ثانوی سالانہ 2019ء و مابعد جماعت نہم میں شامل ہونے والے طلباء/طالبات جو پارٹ دوم/ کمپوزٹ امتحان میں شامل نہ ہوئے ہوں یا تعلیمی سیشن 25-2023 میں رجسٹرڈ ہونے والے امیدواران دوبارہ داخلہ (ری ایڈمشن) حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔

(viii) اگر کوئی امیدوار سال 2023ء میں جماعت نہم کے امتحان میں بطور ریگولر طالب علم شریک ہوا مگر کسی وجہ سے سال 2024ء میں جماعت دہم میں شامل امتحان نہیں ہو سکا تو اسے آنے والے امتحان جماعت دہم سالانہ 2025ء میں ریگولر طور پر شامل ہونے کی اجازت ہوگی۔

5- **دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود سے آنے والے طلبہ/طالبات کی آن لائن رجسٹریشن۔**

(i) دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود میں جماعت نہم میں داخلہ حاصل کرنے کے بعد ہجرت کر کے بورڈ ہذا کی علاقائی حدود میں داخلہ حاصل کرنے کے خواہشمند طلباء/ طالبات کو سابقہ بورڈ کا جاری کردہ مائیگریشن سرٹیفکیٹ/ این او سی (NOC) اور سکول چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ (School Leaving Certificate) پیش کرنے پر داخلہ دیا جائے۔ داخلہ سابقہ سکول چھوڑنے کی تاریخ (یعنی سکول لیونگ سرٹیفکیٹ پر درج تاریخ) سے ایک ماہ کے اندر دیا جائے

(ii) دیگر بورڈز سے جماعت نہم کا امتحان دے کر آنے والے امیدواران کو بھی متذکرہ بالا دستاویزات پیش کرنے پر 30 یوم کے اندر داخلہ دیا جائے تاہم ایسے امیدواران کی مینول ریٹرن مرتب کر کے ہمراہ دستاویزات رجسٹریشن فیس مبلغ-/2500 روپے فوری ارسال کریں NOC بصورت اصل جبکہ دستاویزات کی مصدقہ نقول ارسال کریں۔ تاخیر کی صورت میں تحت قواعد جرمانہ وصول کیا جائے گا۔

(iii) ایسے امیدواران جو دوسرے بورڈ میں رجسٹرڈ یا پارٹ اول (9th) میں شامل امتحان ہو کر بورڈ ہذا میں ری ایڈمشن حاصل کرتے ہیں ان کی آن لائن ری ایڈمشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ہمراہ ری ایڈمشن فیس مبلغ (500+1800) کل-/2300 روپے کا چالان ارسال کریں۔

6- **ادارہ سے ادارہ مائیگریشن۔**

ادارہ سے ادارہ مائیگریشن صرف امتحانی شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک کروائی جا سکتی ہے۔ اس کے بعد پانچ گنا فیس کے ساتھ مائیگریشن کروائی جا سکے گی۔ مائیگریشن فیس کی عام شرح-/2000 روپے اور ارجنٹ فیس-/2500 روپے ہے۔ امیدوار کا فارم داخلہ ادارہ کی طرف سے ارسال کر دینے کے بعد ادارہ سے ادارہ مائیگریشن نہ ہوگی۔

7- **مضامین/ گروپ کی تبدیلی۔**

مضمون/مضامین کی تبدیلی فی مضمون فیس-/1500 روپے اور گروپ تبدیلی فیس-/3000 روپے حبیب بینک میں بورڈ اکونٹ میں جمع کروا کر اصل بینک چالان ہمراہ درخواست ارسال کرنے پر کروائی جا سکتی ہے۔

**نوٹ: اگر کسی ادارہ کے ذمہ تجدید رجسٹریشن، تجدید الحاق فیس بقایا ہو تو بعجلت ممکنہ ارسال کریں۔ بصورت دیگر طلباء و طالبات کی رجسٹریشن کی کارروائی نہ ہو گی۔ بلکہ ایسے اداروں کا آن لائن پورٹل بند کرنے کی کارروائی کی جا رہی ہے۔**

**سیکریٹری/ کنٹرولر امتحانات کالجز**

نمبر: بورڈ رجسٹریشن/ 3061-5061 /2024/ مورخہ: 03-04-2024

**نقل بالا بخدمت:**

1- جناب پرنسپل سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
2- پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب وزیر ہائیر ایجوکیشن آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
3- پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب سیکرٹری (ہائیر ایجوکیشن رایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
4- جناب ناظم اعلیٰ ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن (مردانہ رزنانہ) آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر مظفر آباد۔
5- جناب ڈویژنل ڈائریکٹر (ہائیر ایجوکیشن/ ایلیمنٹری وسیکنڈری ایجوکیشن) میرپور/ مظفر آباد/ پونچھ ڈویژن۔
6- جملہ سربراہان سرکاری و پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات آزاد کشمیر انٹرمیڈیٹ کالجز/ ہائر سیکنڈری سکولز/ ہائی سکولز۔
7- ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر صاحب میرپور بغرض اشاعت بطور خبر۔
8- اسٹیشن ڈائریکٹر صاحب/ نیوز ایڈیٹر صاحب آزاد کشمیر ریڈیو میرپور رتراڑکھل رمظفر آباد۔
9- سیکرٹری صاحبان تعلیمی بورڈز لاہور راولپنڈی رگوجرانوالہ رسرگودھا رفیصل آباد رڈیرہ غازی خان رملتان ربہاولپور رساہیوال۔
10- نمائندگان PTV/APP، روزنامہ، نوائے وقت/ جنگ/ پاکستان/ اوصاف/ خبریں/ جموں وکشمیر/ شاہین/ محاسب/ بغرض اشاعت بطور خبر۔
11- انچارج علاقائی رابطہ دفتر بورڈ ہذا مظفر آباد/ راولاکوٹ۔
12- ڈیٹا سپروائزر صاحب بغرض ترسیل خبر بذریعہ E-mail
13- داخلی تقسیم/ آفس آرڈر فائل/ مسل متعلقہ/ نوٹس بورڈ۔